کتاب مختصر انداز میں ہے، مگر جامع ہے، اس سے قبل اردوداں طبقہ کے لئے بھی اس موضوع پر کتاب شائع کر چکے ہیں۔

کتاب کا نام: آپ عمرہ کیسے کریں؟

مصنف: مولانا سعید احمد ثاقب

ناشر: جامعہ تدریس القرآن، دہنی بخش بروہی گوٹھ، اسکیم ۳۳ گڈاپ کراچی

قیمت: بلا معاوضہ، ۱۱۷ صفحات

مولانا سعید صاحب کی کتاب خاص عمرہ پر جانے والوں کے لئے ہے اور عمرہ کا مکمل طریقہ بیان کرنے کے ساتھ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے اہم مقامات کی نشاندہی کر کے تعارف پیش کر دیا ہے، یہ کتاب مختصر و جامع ہے۔

کتاب کا نام: ہم سخن سیرت النبی ﷺ نمبر ۲۰۱۴ء

مصنف: پروفیسر ثمر حسن رضوی (جناح گورنمنٹ کالج ناظم آباد کراچی)

ناشر: جناح کالج کراچی

قیمت: درج نہیں، ۸۸ صفحات

جناح گورنمنٹ کالج سے پرنسپل صاحب کی سرپرستی میں یہ رسالہ جاری ہوا ہے، بظاہر یہ کالج کے خرچ پر شائع ہوا ہے، اس کے بعد ایک اور میگزین بھی کالج سے شائع ہوا ہے، یعنی ایک سال میں دو مجلات کی اشاعت عمل میں آگئی ہے۔ یہ مجلہ خاص سیرت النبی ﷺ نمبر ہے، پروفیسر شگفتہ سعید صاحبہ اور پروفیسر رفیع الدین صاحب کی محنت کا ثمرہ ہے، اس میں کچھ موجودہ دور کچھ متوفی شخصیات کے مقالات و مضامین شامل ہیں، پروفیسر شگفتہ سعید نے آپ ﷺ کے آباء واجداد پر مضمون، مرتضی مکیش کا انسان کامل کا خلق عظیم، مولانا یوسف اصلاحی مرحوم کا داعی اعظم، پروفیسر سرور حسین کا نبی رحمت اللعالمین ﷺ، پروفیسر اصغر کاظمی کا نبی کریم ﷺ کی بچوں سے رحمت وشفقت شامل ہیں، اگر یہ کالج کا مجلہ ہے اور کالج کے خرچ سے شائع ہوا ہے، تو اس کی مجلس ادارت میں طلباء کے نام ہونے چاہئے تھے۔

کتاب کا نام: بساط عشق سے کار سخن تک

مصنف: منظر عارفی

ناشر: ۱۳ / ۷ شاہ فیصل کالونی بلاک نمبر ۳، کراچی